# 1363 ـ گٹر کے پانی سے کھجور کے باغات سیراب کرنے کا حکم

**سوال**

ہمارے پاس گندے نالے پر کھجوروں کے درخت ہيں، کیا ہم اس کا کچا اور پکا پھل کھا سکتے ہيں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جی ہاں گٹر کے گندے پانی سے سیراب کردہ کھجوریں کھانا جائز ہیں، کیونکہ اگر نجاست کا ذائقہ اور بو نہ آتی ہو تو اس کا معنی یہ ہے کہ نجاست تحلیل ہو چکی ہے.